Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **7**

A-112

B.A. (Part-I) Examination, 2023

URDU

Paper–I

(Prose and Drama)

*Time : **3 Hours***] [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Note : Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Note : Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Note : Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) ملّا وجہی کی تصانیف کے نام لکھئے۔

(ii) غالبؔ کے خطوط کی دو خصوصیات لکھئے۔

(iii) سرشارؔ کا پورا نام، کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ تحریر کیجئے۔

(iv) سرسید کی تحریر کردہ دو کتابوں کے نام لکھئے۔

(v) پریم چند کا پورا نام، کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ لکھئے۔

(vi) فورٹ ولیم کالج سے وابستہ دو مصنّفین کے نام لکھئے۔

(vii) ڈرامے کے دو اجزاء لکھئے۔

(viii) مولانا آزاد کے خطوط کے مجموعے کا نام لکھئے۔

(ix) ''شاعری کیا ہے'' مضمون کے مصنف کا نام لکھئے۔

(x) اردو کے دو اہم ڈراما نگاروں کے نام لکھئے۔

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ (5) سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب دو سو (200) الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

(الف)

کیوں صاحب روٹھے ہی رہو گے یا منو گے بھی اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو روٹھنے کی وجہ لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوں کے بھروسے جیتا ہوں یعنی جس کا خط آیا میں نے جانا کہ وہ شخص تشریف لایا۔ خدا کا شکر ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا جو اطراف و جوانب سے دو چار خط نہ آتے ہوں بلکہ ایسا بھی دن ہوتا ہے کہ دو دو بار ڈاک کا ہرکارہ خط لاتا ہے۔ ایک دو صبح کو ایک دو شام کو۔ میری دل لگی ہو جاتی ہے۔ دن ان کو پڑھنے اور رات ان کے جواب لکھنے میں گزر جاتا ہے۔ یہ کیا سبب کہ دس دس بارہ بارہ دن سے تمہارا خط نہیں آیا یعنی تم نہیں آئے۔

(ب)

احساس کا کام کسی چیز کا ادراک کرنا یا کسی مسئلے کا حل کرنا یا کسی بات پر غور کرنا اور سوچنا نہیں

ہے۔اس کا کام صرف یہ ہے کہ جب کوئی موثر واقعہ پیش آتا ہے تو وہ متاثر ہو جاتا ہے۔غم کی حالت میں صدمہ ہوتا ہے اور خوشی میں سرور ہوتا ہے۔ حیرت انگیز بات پر تعجب ہوتا ہے۔ یہی قوت جس کو احساس یا فیلنگ سے تعبیر کر سکتے ہیں۔شاعری کا دوسرا نام ہے۔یعنی یہی احساس جب الفاظ کا جامہ پہن لیتا ہے تو شعر بن جاتا ہے۔حیوانات پر جب کوئی جذبہ طاری ہوتا ہے تو مختلف قسم کی آوازوں یا حرکتوں کے ذریعہ سے ظاہر ہوتا ہے مثلاً شیر گونجتا ہے، ہاتھی چنگھاڑتا ہے، کویل کوکتی ہے، طاؤس ناچتا ہے، سانپ لہراتے ہیں۔انسان کے جذبات بھی حرکات و سکنات کے ذریعے سے ادا ہوتے ہیں۔

3 ''نمک کا داروغہ'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

4 مولانا ابوالکلام آزاد کی طرزِ تحریر کی خوبیاں بیان کیجئے۔

5 اردو نثر کی تاریخ میں خطوط غالب کی اہمیت کو واضح کیجئے۔

6 سرسید احمد خاں کی مضمون نگاری کی خوبیاں بیان کیجئے۔

7 ڈپٹی نذیر احمد کی نثر نگاری کا تجزیہ کیجئے۔

8 ڈرامے کی تعریف بیان کرتے ہوئے مختصراً تاریخ پر روشنی ڈالئے۔

SECTION–C

(حصہ–ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب زیادہ سے زیادہ پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔

9 احتشام حسین کی تنقید نگاری کی خوبیاں بیان کیجئے۔

10 پریم چند کی نثر نگاری کی خوبیاں بیان کیجئے۔

11 اردو نثر میں میر امن دہلوی کا درجہ متعین کیجئے۔

12 پطرس کے فکر و فن کا جائزہ لیجئے۔